# نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية / এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন /
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen / 이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
Перевод документа на русский язык / یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

**30 اگست، 2021 والا ہفتہ**

## مندرجات:


- اسکول واپسی خاندانوں کے لیے فورمز
- تجدید کردہ صحت اور حفاظت کی رہنمائی
- حاضری اور گریڈنگ
- ذرائع نقل وحمل
- اپنی رابطے کی معلومات کی تجدید کریں
- ویکسینیشن یاددہانی
- کمیونٹی میلز سروس کا آخری دن


## اسکول واپسی خاندانوں کے لیے فورمز

آپکو ورچوئل اسکول واپسی خاندانوں کے لیے فورمز میں شرکت کے لیے مدعو کیا جاتا ہے، تعلیمی سال 2021-2022 کے پہلے دن کے لیے ہماری تیاریوں کے بارے میں جاننے کے لیے۔ ان فورمز میں، آپ براہِ راست چانسلر اور نیویارک شہر محکمہ صحت اور دماغی صحت کی جانب سے ایک عوامی صحت کے ماہر سے سنیں گے۔ اسکے علاوہ، ایکزیکٹو سپرنٹنڈنٹس باحفاظت دوبارہ اسکول کھولنے کے لیے محکمئہ تعلیم کے طریقِ کار کا جائزہ لیں گے، اسکے بعد براہِ راست سوالات وجوابات ہونگے۔

آپ فورمز کے لیے learndoe.org/face پر سائن اپ کرسکتے ہیں اور کسی بھی تقریب میں آپ کی شرکت کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کسی سیشن میں شرکت نہیں کرسکے، اپنی پسند کے کسی اور سیشن میں بلا جھجک شرکت کریں یا learndoe.org/face/recording پر ایک فورم بعد میں ملاحظہ کریں۔ ہر برو میں زیادہ بولے جانی والی زبانوں میں ترجمانی فراہم کی جائے گی۔ امریکی اشاروں کی زبان (ASL) تمام سیشنز میں دستیاب ہوگی۔

- 1 ستمبر: بروکلن، 6:00–7:30 شام (ہسپانوی، مینڈرین، عربی)
- 1 ستمبر: کوئنز، 8:00 -9:30 شام (ہسپانوی، مینڈرین، بنگالی)
- 2 ستمبر: برونکس، 6:00–7:30 شام (ہسپانوی، فرانسسی، عربی)
- 2 ستمبر: اسٹیٹن آئیلینڈ، 8:00 -9:30 شام (ہسپانوی، مینڈرین، روسی)
- 9 ستمبر: مین ہیٹن، 8:00 -9:30 شام (ہسپانوی، مینڈرین، کینٹونیز)

# تجدید کردہ صحت اور حفاظت کی رہنمائی

جب آپ اسکول کے پہلے دن کی تیاری کریں، ہم امید کرتے ہیں کہ آپکا پہلا اسٹاپ تعلیمی سال 22-2021 کے لیے محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ ہوگا: schools.nyc.gov/homecoming وہاں پر آپکو اس بارے میں جدید ترین معلومات ملے گی کہ ہم طلبا اور عملے کو صحتمند اور محفوظ رکھنے کے لیے اس سال کس طرح کام کررہے ہیں۔

اسکے علاوہ، میئرBill de Blasio اور چانسلر Porter نے **محکمئہ تعلیم کی ہوم کمنگ 2021 صحت اور حفاظت رہنمائی کتابچہ** جاری کیا ہے۔ اس رہنمائی میں ویکسینیشن، صحت کی جانچ، کوارنٹین کے طریقِ کار اور دیگر اہم معلومات کے بارے میں تجدید شامل ہے۔ یہ ہماری ویب سائٹ پر متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

# حاضری اور گریڈنگ

## حاضری

اسکول میں باقاعدہ حاضری کامیابی کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے کے لیے اہم ہے۔ ذیل میں تعلیمی سال 22-2021 کے لیے حاضری کی پالیسیاں ہیں:

**بذات خود موجودگی میں:** آپکے بچے کو "حاضر" درج کرنے کے لیے لازمی ہے کہ اسکول دن کے دوران وہ کلاس روم میں جسمانی طور پر حاضر ہو یا اسکول تعلیمی ماحول میں کم از کم ایک تدریسی پیرئِڈ کے لیے حاضر ہو۔

**ریموٹ:** جب طالب علم کے لیے ریموٹ ہونا لازمی ہو (مثلاً، جب وہ کوارنٹین کررہے ہوں یا انکے اسکول کی عمارت مکمل یا جزوی طور پر بند ہو)، انہیں شیڈول کردہ پروگرام دن کے لیے ہم آہنگ یا غیر ہم آہنگ تدریس کے لیے ورچوئلی موجود ہونا لازمی ہے۔

## گریڈز دینا

گریڈز آپ اور آپکے طالب علم کو اس بارے میں اہم تبصرات فراہم کرتے ہیں کہ وہ اپنی تعلیم میں کس طرح پیشرفت کررہے ہیں۔ ذیل میں 22-2021 کے لیے گریڈنگ کے بارے میں معلومات ہیں جنکی آپ کو جاننے کی ضرورت ہے:

- اسکول اپنے گریڈنگ اسکیلز منتخب کرنا جاری رکھیں گے—جیسا کہ انہوں نے عالمی وبا سے پہلے کیا تھا اور پھر پچھلے تعلیمی سال کے آغاز میں کیا تھا۔ گریڈ کرنے کے انتخابات میں شامل ہیں 4-1 اسکیل، حروفِ تہجی اسکیل (A– F)، اور 100 پوائنٹ اسکیل۔ "کورس جاری ہے" "Course in progress" (NX) انفرادی طلبا کو استثنائی صورتوں میں دستیاب ہے۔

- مڈل اور ہائی اسکول والدین پچھلے سال اختیار کی گئی پالیسی کو جاری رکھیں گے، یعنی کسی بھی پاس ہونے والے حتمی گریڈ کو ایک "CR" یا "P" کے گریڈ سے تبدیل کرنا، جو کورس کریڈٹ حاصل کرنے یا پاس کرنے کی نشاندہی کرتا ہے۔

- اسکول حاضری کو گریڈز کا حصہ بالکل نہیں بنائیں گے، پچھلے تعلیمی سال میں اپنائی گئی پالیسی کو جاری رکھیں گے۔ آپکے طالب علم کے گریڈ بنیادی طور پر انکی تعلیمی پیشرفت پر مبنی ہونگے۔

# ذرائع نقل و حمل

طلبا کو لانے لے جانے والی اسکول بسیں مرکز برائے بچاو و انسداد بیماری (CDC) اور نیویارک ریاست کے خاکہ کش کردہ رہنمائی خطوط کی پیروی کریں گی۔ بسیں ذیل کے اقدامات لیں گی:

- جہاں قابلِ عمل ہوا اور موسم سازگار ہوا، کھڑکیاں کھلی رہیں گی اور سفر کے دوران بس میں ہوا کا نظام دوبارہ گردش نہ کرنے کے انداز پر چلے گا؛ براہِ مہربانی اپنے بچے کو متناسب لباس پہنائیں۔

- اسکول بس میں ہر ایک کے لیے تمام وقت چہرے کا ماسک (ماسک) پہننا لازمی ہے ویکسینیشن کی صورتِ حال سے قطع نظر، تاوقتیکہ انکے پاس ماسک کے مطلوبات کے لیے منظور کردہ طبی استثنا ہو۔
- جب بھی ممکن ہو طلبا کو جسمانی فاصلہ برقرار رکھنا چاہیئے۔

## اپنی رابطہ معلومات کی تجدید کریں

محکمئہ تعلیم کی جانب سے اہم اعلانات، بشمول اسکول بند ہونے اور آپ کے ضلع میں یا شہربیما سرگرمیوں کے انعقاد سے برمحل انداز میں باخبر رہیں! ایک نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ کے ساتھ، آپ اپنی رابطے کی معلومات کی تجدید کرسکتے ہیں، اہم اسکول فارمز آن لائن مکمل کرسکتے ہیں، اپنے بچے کے گریڈز، شیڈولز، امتحان کے اسکورز، تفویض کردہ ذرائع نقل وحمل، حاضری اور مزید دیکھ سکتے ہیں۔ آپ صرف اپنے نام اور رابطے کی معلومات کے ساتھ سائن اپ کرسکتے ہیں۔ ایک اکاونٹ اپنے بچے کے اسکول ریکارڈز سے مربوط کرنے کے لیے، براہِ مہربانی اپنے اسکول سے اپنی معلومات کی تصدیق کے لیے رابطہ کریں۔

مزید جائیں: schools.nyc.gov/nycsa

## ویکسینیشن یاددہانی

ویکسین لگوانا اہم ترین قدم ہے جو آپ اپنے آپکو اور اپنے خاندان کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے لے سکتے ہیں، اور نیویارک کے تمام 12 سال اور زائد عمر کے افراد اب COVID-19 ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپکا کوئی بچہ ہے جو کم از کم 12 سال کا ہے اور مکمل طور پر ویکسین نہیں لگی ہے، محکمہ برائے صحت اور دماغی صحت اور محکمئہ تعلیم آپکی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ان کے لیے جتنی جلد ممکن ہو vaccinefinder.nyc.gov پر جاکر ویکسین لگوانے کا ایک وقت طے کریں۔ محکمئہ تعلیم ویکسینیشن کی جدید ترین معلومات کے لیے، schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔

## کمیونٹی میلز سروس کا آخری دن

نیویارک شہر اسکولوں میں کمیونٹی مفت کھانوں کی خدمات کا آخری دن **جمعہ، 10 ستمبر** ہے۔ **پیر، 13 ستمبر** سے شروع براہِ مہربانی اپنی مقامی فوڈ پینٹری، سُوپ کچن، گرین مارکیٹ جائیں، یا اپنے نزدیک ایک مقام تلاش کرنے میں مدد کے لیے 311 کو فون کریں۔ مزید معلومات یہاں پائی جاسکتی ہیں nyc.gov/getfood

براہِ کرم توجہ کریں کہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم مفت ناشتہ، لنچ اور اسکول بعد کھانا تمام نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے طلبا کو تعلیمی سال کے دوران پیش کرنا جاری رکھے گا۔ ہم اپنے طلبا کو واپس خوش آمدید کرنے اور تازہ پُرغذائیت کھانے پیش کرنے کے متمنی ہیں۔